© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ حضرت پیر نصیر الدین نصیر گولڑوی رحمتہ اللہ علیہ

☆ بنت مرحومہ، سید ذوالکفل بخاری

☆ والدہ مرحومہ، ڈاکٹر سید محمد اسماعیل بخاری: مرحومہ اور اُن کے تمام خاندان کا خانوادۂ امیر شریعت سے بہت ہی اخلاص و مروّت کا تعلق ہے۔ انتقال: ۷رفروری ۲۰۰۹ء، کوٹلہ رحم علی شاہ (مظفر گڑھ)

☆ جناب نذیر احمد مرحوم: ناگڑیاں ضلع گجرات میں ہمارے کرم فرما جناب محمد شجاع صاحب کے والد ماجد اور کرنل (ر) صفدر صاحب کے بہنوئی، انتقال: یکم فروری ۲۰۰۹ء

☆ شیخ عبدالمجید امرتسری مرحوم: مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن، سابق رکن مرکزی مجلس شوریٰ، انتقال: ۵رفروری ۲۰۰۹ء

☆ مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ناظم حافظ محمد اسماعیل صاحب کا جواں سال بھانجا اور سالے کی اہلیہ انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی میں جماعت کے قدیم کارکن قاضی بشیر احمد (جلد ساز) کی پوتی، مقامی جماعت کے نائب ناظمِ اطلاعات و نشریات قاضی عبدالقدیر کی بھتیجی اور مدرسہ عربیہ رحیمیہ ۴۲-۱۲ ایل کے استاد قاری مسعود الحسن کی معصوم بیٹی ۲۱رفروری کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں نمازِ جنازہ قاری محمد قاسم نے پڑھائی عبداللطیف خالد چیمہ اور احبابِ جماعت نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔

☆ چیچہ وطنی میں محمد صفدر چودھری (سابق رہنما جمعیت طلباء اسلام پاکستان) کے جواں سالہ فرزند محمد عاقب گزشتہ دنوں لاہور میں ایک ٹریفک حادثے میں وفات پا گئے۔

☆ اہلیہ مرحومہ، پروفیسر خالد سعید انصاری (ملتان) انتقال: ۵رفروری ۲۰۰۹ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ حق تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

☆ بنت امیر شریعت سیدہ اُمِ کفیل بخاری مدظلہا علیل ہیں۔ قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔



© rasailojaraid.com